نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیرصدارت کمشنر آفس راولپنڈی میں گندم کی فصل کی کاشت بارے جائزہ اجلاس کا انعقاد۔

صوبہ پنجاب میں گندم کی کاشت کا ہدف 1 کروڑ 65 لاکھ ایکڑ مقرر کیا گیا ہے۔وزیرزراعت پنجاب

وزیراعلیٰ پنجاب نے زیادہ رقبے پر گندم کاشت کرنے والے کاشتکاروں کے لیے خصوصی پیکج دیا ہے۔سید عاشق حسین کرمانی

لاہور:02 دسمبر 2024: وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیرصدارت کمشنر آفس راولپنڈی میں گندم کی کاشت بارے جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔اجلاس میں ایم پی اے ملک افتخار احمد، کمشنر راولپنڈی ڈویژن انجینئر عامر خٹک، ڈائریکٹر جنرل زراعت عبدالحمید، نوید عصمت کاہلوں اور ڈپٹی کمشنر حسن وقار چیمہ بھی موجود تھے، جبکہ ایم پی اے بلال یامین ستی سمیت مری، اٹک، چکوال اور جہلم کے ڈپٹی کمشنرز نے آن لائن شرکت کی۔وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے اجلاس کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئےکہا کہ پنجاب میں گندم کی کاشت کا ہدف 1 کروڑ 65 لاکھ ایکڑ مقرر کیا گیا ہے۔وزیر اعلیٰ پنجاب نے زیادہ رقبے پر گندم کاشت کرنے والے کاشتکاروں کے لیے اربوں روپے کا خصوصی انعامی پیکج دیا ہے۔اس خصوصی پیکج کے تحت 1 ہزار ٹریکٹرز اور 1 ہزار لیزر لینڈ لیولرز بذریعہ قرعہ اندازی مفت فراہم کیے جائیں گے۔انہوں نے مزید کہا کہ راولپنڈی ڈویژن کو گندم کی کاشت کا ہدف 14 لاکھ 91 ہزار ایکڑ دیا گیا ہے جس کے برعکس 15 لاکھ 3 ہزار ایکڑ سے زائد رقبہ پر گندم کاشت ہو چکی ہے۔راولپنڈی ڈویژن میں ہدف سے زائد رقبہ پر گندم کی کاشت ہوئی ہے۔وزیرزراعت پنجاب نے مزید کہا کہ اب تک کسان کارڈ کے ذریعے 24 ارب روپے سے زائد ڈی اے پی کھاد کی خریداری ہو چکی ہے۔ڈی اے پی کے استعمال سے گندم کی پیداوار میں اضافہ ہوگا۔انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب نے کسان کارڈ کی تعداد 5 لاکھ سے بڑھا کر ساڑھے 7 لاکھ کر دی ہے۔

گندم اگاؤ مہم میں محکمہ زراعت پنجاب کے ساتھ ڈویژنل اور ضلعی انتظامیہ کا بھرپور تعاون حاصل ہے۔وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے مزید کہا کہ 9500 گرین ٹریکٹرز کی قرعہ اندازی کا عمل انتہائی شفاف طریقے سے مکمل ہو چکا ہے جس پر دس لاکھ روپے فی ٹریکٹر سبسڈی دی جا رہی ہے۔کاشتکاروں کو الاٹمنٹ لیٹرز جاری کر دیئے گئے ہیں۔کاشتکار اپنے حصہ کی رقم بنک آف پنجاب کی قریبی برانچ میں 5 دسمبر تک جمع کرائیں۔ٹریکٹرز پہلے آئیں پہلے پائیں کی بنیاد پر ڈیلیور کیے جائیں گے۔انہوں نے کہا کہ زرعی یونیورسٹیوں کے طلباء وطالبات کو گندم آگاؤ مہم میں دو ہفتوں کے لیے مامور کیا گیا جنہوں نے کاشتکاروں کو گندم کی کاشت بارے رہنمائی فراہم کی۔وزیراعلیٰ پنجاب انٹرن شپ پروگرام کے تحت زرعی گریجوایٹس صوبہ میں فیلڈ سرگرمیوں میں مصروف عمل ہیں۔

☆☆☆☆